36852 ـ مقروض شخص كا حج

سوال

ميں نےايک جائدادی بينک سے دولاکھ اکاون ہزار نوصد ريال قرض حاصل کررکھا ہے اوراس کی سالانہ قسط ميں ادائيگي کررہا ہوں ، کيا بينک کے اس قرض کے ہوتے ہوئے ميں حج کرسکتا ہوں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

حج فرض ہونے کی شرائط ميں ايک شرط استطاعت بھی ہے ، لھذا اگر حج کے وقت آپ حج کا خرچہ اورقسط ادا کرنے پرقادر ہوں توآپ پرحج کی ادائيگي فرض ہوجائے گي ، اوراگريہ دونوں کام کرنے مشکل ہيں توپھرآپ قسط کی ادائيگي کومقدم رکھيں جوآپ سے طلب کی جارہی ہے ، اورحج کواستطاعت پيدا ہونے تک مؤخرکرديں ۔

کيونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اوراللہ تعالی نے ان لوگوں پرجواس کی طرف راہ پاسکتےہوں اس گھرکا حج کرنا فرض کرديا ہے آل عمران (97) ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفيق بخشنے والا ہے ۔ .